بخدمت جناب صوبائی محتسب ، راولپنڈی

عنوان: جواب الجواب برائے شکایت برخلاف سول ڈیفنس کا اختیارات کا ناجائز استعمال

جناب والا!

عرض ہے کہ سول ڈیفنس کی طرف سے مورخہ 18/11/2020 کو دیئے گئے جواب کے بیانیے میں مندرجہ ذیل معاملات کو توڑ مروڑ کر پیش کیا گیا ہے۔

1۔ سول ڈیفنس یا ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کی کارکردگی بیشک انعام و اکرام اور تعریف کے لائق ہو گی مگر اس سے یہ ثابت نہیں ہو سکتا کہ کسی قسم کے غیر قانونی اقدامات کو بھی سراہا جائے۔

2۔ یہ پہلی دفعہ نہیں کہ خواجہ سراوں کے اوپر من گھڑت الزام لگا کر ان کو شہر سے نکالنے یا شہر میں رہنے کیلئے شرائط واضع کی جا رہی ہیں۔ ایسے ہی ایک معاملے میں جب وژن نے سپریم کورٹ آف پاکستان کے بنائے ہوئے ہیومن رائٹس سیل سے رابطہ کیا تو اس وقت کے چیف جسٹس محترم جناب میاں ثاقب نثار صاحب نے فوری طور پر معاملے کی جانچ پڑتال کروا کر 10 دن کے اندر اندر مردان کے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے ذریعے حکم صادر فرمایا کہ خواجہ سراوں کو من گھڑت وجوہات کی بنا پر یا مختلف تنظیموں کے الزامات کی وجہ سے شہر بدر یا شہر میں محدود نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے علاوہ ان کی نقل و حرکت پر بھی کوئی پابندی نہ ہو گی۔ 2017-02/09 کی تمام کارروائی بمعہ درخواست ہیومن رائٹس سیل سپریم کورٹ آف پاکستان اسلام آباد کی کاپی اس جواب الجواب کے ساتھ لف ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ڈان اخبار اور جنگ اخبار کی اس حوالے سے دی گئی خبر بھی ساتھ میں چسپاں کی جاتی ہے۔

3۔ جناب والا! معاشرے میں قبولیت کے حوالے سے شرائط صادر کرنا قانون اور آئین کی ذمہ داری ہے۔ یہ کسی تاجر برادری یا ہوٹل یونین کے پاس حق نہیں ہے کہ وہ فحاشی اور بدکاری کی تعریف واضع کریں۔ سول ڈیفنس کے جواب میں جو بات بہت

VISION

واضح ہے وہ یہ کہ محترم ڈپٹی کمشنر صاحب نے چند درخواستوں کی بنیاد پر ایک ایسا اختیار سول ڈیفنس کو دے دیا جوکہ قانون برائے تحفظ خواجہ سراء 2018 کی خلاف ورزی ہے اور خواجہ سراوں کے ساتھ امتیازی سلوک کی تعریف پر پورا اترتا ہے ۔

4۔ اس میں سب سے اہم بات تو یہ ہے کہ وژن کے ساتھ گئے ہوئے خواجہ سراوں نے نہ ہی زنانہ لباس پہنا ہوا تھا اور نہ ہی مال روڈ پر گھوم پھر رہے تھے بلکہ ایک بینچ پر بیٹھ کر آپس میں بات چیت کر رہے تھے ۔ لہذا یہ الزام لگانا کہ وہ کسی حوالے سے بھی کسی آنے جانے والے کو اپنی طرف مائل کر رہے تھے ایک جھوٹ پر مبنی ہے ۔

5۔ جناب والا! بات دراصل یہ ہے کہ مری سیاحوں کیلیئے ایک مقام ہے جہاں پر ہمیشہ سے مال روڈ پر لوگوں کا ایک ہجوم رہتا ہے اور وہاں ہر قسم کے طبقات اور صوبوں سے آئے ہوئے سیاح اپنی مرضی کے لباس پہن کر پھر رہے ہوتے ہیں ۔ ان میں خواتین بھی شامل ہوتی ہیں ۔ چھیڑچھاڑ اور بدتمیزی چاہے وہ خواتین کی ہو یا کسی خواجہ سراء کی، شاید اس قوم کے مردوں کی مردانگی کو ان کے خیال میں اوراجاگر کرتی ہے ۔ فرق صرف یہ ہے کہ خواتین چپ چاپ بدتمیزی سہ جاتی ہیں جبکہ خواجہ سراء اسی انداز اور طریقے سے بات کا جواب دیتے ہیں ۔

6۔ سپریم کورٹ کے 2017 کی کارروائی کے بعد جوکہ اس جواب الجواب کے ساتھ لف ہے ، یہ بات صاف ظاہر ہے کہ محترم ڈپٹی کمشنر صاحب اس قسم کا کوئی آرڈر نہیں فرما سکتے اور پابند ہیں کہ خواجہ سراء بلا کسی روک ٹوک اور ہراسگی کے مری یا کسی اور شہر یا سیاحتی مقام پر جا سکتے ہیں ۔

جناب والا! اس جواب الجواب کے ذریعے یہ التجا ہے کہ سپریم کورٹ کی 2017 کی کارروائی کو سامنے رکھتے ہوئے آپ سے امید ہے کہ آپ انصاف پر مبنی ایک ایسا فیصلہ صادر فرمائیں گے جوکہ آنے والے وقت کیلیئے خواجہ سراوں یا کسی اور محروم طبقے کے ساتھ چند درخواستوں کی اوڑھ میں کسی قسم کی ذیادتی کو روکنے میں موثر ثابت ہو گا ۔

طاہر علی خلجی

وژن اسلام آباد

فلیٹ نمبر 210، الصفاء ہائیٹس 1، ایف 11 مرکز اسلام آباد

# THE SUPREME COURT OF PAKISTAN, ISLAMABAD

(Original Jurisdiction) Regd. A.D.

**HRC No. 2162-G/2017**
**Application by:** Tahir Ali Khilji
Vision Pakistan. Flat # 311, Abu Dhabi Towers, F-11, Islamabad.

To

1. The District & Sessions Judge,
   Mardan.
2. Tahir Ali Khilji
   Vision Pakistan. Flat # 311, Abu Dhabi Towers, F-11,
   Islamabad.

In pursuance of order of the Hon'ble Chief Justice of Pakistan, the report received from DPO Mardan not being satisfactory, the victims, if willing, may appear before the learned District & Sessions Judge, Mardan on 09.02.2017 at 9:00 a.m. for recording their statements. While learned District & Sessions Judge, Mardan is required to ensure that statement (s) of victims, if they appear, are recorded by Magistrate concerned and the same be transmitted to this Court, accordingly.

**Islamabad: February 09, 2017.**

**Director**
**Human Rights Cell**
**Phone # 051-9220581/319**
**Fax # 051-9219516**

Encl: Copy of applications

# IN THE COURT OF SUBHAN SHER
# DISTRICT & SESSIONS JUDGE, MARDAN

________________________ Vs ________________________

| Serial No of Order or Proceedings | Date of Order or Proceedings | Order of other Proceedings with Signature of Judge or Magistrate and that of parties or counsel where necessary |
|---|---|---|
| Order.........01 | 09.02.2017. | The complaint of the petitioners Alisha & Sidra was received on fax from the office of Director Human Right Cell, Supreme Court of Pakistan, Islamabad. Be entered in the relevant register.<br><br>Both the complainants namely Alisha (Ghafar) Sidra (Zeenshan) appeared in person alongwith Mr. Waseem Khan (Social Mobilizer of Vision Pakistan) and stated their grievances before the Court . Keeping in view the urgency of the matter, SP Operation, Mardan Mr.Abul-Rauf Qaisrani was summoned on phone, who put his appearance and after discussing the matter i.e. the grievances of the complainant, they were sent to the office of DPO Mardan for final and proper redressal of grievances of the complainants. After discussing the matter at length, the complainant alongwith above named Social Mobilizer Mr. Waseem Khan and Abdul Salam Muharrir of PS City appeared before this Court. On query, both the complainant as well as the above named social mobilize, showed satisfaction on the decision action taken by the DPO Mardan in his house. In this respect, joint statement of complainants was recorded which is self-explanatory.<br><br>In view of the statement of the complainants and further satisfaction of above named social mobilizer, the |

this Court directly in case any excess or violation is ma[de] either by the local police or by the landlord/owners of the houses in future.

Copy of the joint statement and this order sheet be sent to Director Human Right Cell, Supreme Court of Pakistan, Islamabad, Registrar, Peshawar High Court, Peshawar & DPO Mardan for information.

File be consigned to the record room.

ANNOUNCED
09.02.2017

(SUBHAN SHER)
District & Sessions Judge,
Mardan.

**Joint statement of Alisha (Ghafar) and Sidra (Zeeshan) residents of District Mardan on oath.**

Stated that in pursuance of our complaint submitted to the Hon'ble Chief Justice of Pakistan and then on the direction of Director Human Right Cell, Supreme Court of Pakistan. Today we appeared before this Court in the company of Mr. Waseem Khan (Social Mobilizer of Vision Pakistan). After hearing us, this Court summons the S.P Operation, who put appearance and then we all went to the office of DPO Mardan, where our entire grievances were discussed. Finally, it was decided that we will not involved in any illegal activities in future rather will perform as per our profession in a decent and respectable manner. Similarly, the local police of District Mardan will not harass or teas us in any manner rather they will provide full protection in future. Similarly, any notice given by the local police to our landlords will be withdrawn by the police and will further ask our landlord/owners of our houses that they will not eject us without due course of law. After given this assurance and guarantee by the local police particularly by the DPO and SP Operation, now we are fully satisfied and for the time being we do not press this complaint any more. However, in future if any violation or excess committed by the police or our landlord of our houses then we will bring the matter in the notice of this Court.

R.O & A.C
Dated: 09.02.2017

9.2.17

(SUBHAN SHER)
District & Sessions Judge,
Mardan.

Alisha [redacted]) ____________

CNIC No. 16101-6783677-9

Identified by.

NDED BY QUAID-I-AZAM MOHAMMAD ALI JIN

DAWN

Friday
February 10, 2017
Jumadi-ul-Awwal 12, 1438
ISLAMABAD

# SC assured of protection for transgenders

ISLAMABAD: Chief Justice of Pakistan Mian Saqib Nisar on Thursday disposed of a *suo motu* case after the Mardan police assured the court that transgender people would not be harassed and provided full protection in the district.

The chief justice had taken notice of a complaint that the transgender community was being pressured by the police to leave the Mardan district. The complaint was filed by non-governmental organisation Vision Pakistan, on behalf of transgenders.

It was alleged that landlords were also being pressured to not rent out land or any property to the transgenders. Moreover, police had locked the houses of some transgenders forcing them to move out of Mardan.

The complainant alleged that the police were acting under the pressure of elements who were not ready to treat the transgenders as human beings.

The chief justice directed the district and sessions judge Mardan to take up the matter and inform the apex court about the situation by Feb 9.

The police assured the court that the transgenders would not be harassed or pressured in any manner and provided with full protection. Moreover, any notice issued by the police to the landlords of transgender people would be withdrawn. — A Reporter

www.jang.com.pk

★★★★★★★★★

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ

LOCAL EDITION FRIDAY FEBRUARY 10, 2017

THE DAILY JANG RAWALPINDI ★★★

رجسٹرڈ نمبر NPR-002

روزنامہ جنگ راولپنڈی

بانی..... میر خلیل الرحمن

صفحات 20 قیمت 13 روپے

جلد 59 | جمعہ 12 جمادی الاول 1438ھ 10 فروری 2017ء 29 ماگھ 2073 ب | نمبر 41


# خواجہ سراؤں کو زبردستی نکالا گیا تو پولیس کیخلاف کارروائی ہوگی، سپریم کورٹ

## چیف جسٹس نے پولیس کی جانب سے خواجہ سراؤں کو زبردستی مردان چھوڑنے پر مجبور کرنیکا ازخود نوٹس لیا تھا

اسلام آباد (جنگ رپورٹر) چیف جسٹس آف پاکستان، مسٹر جسٹس میاں ثاقب نثار نے مردان پولیس کی جانب سے خواجہ سراؤں کو غیر قانونی طور پر ضلع مردان چھوڑ دینے پر مجبور کرنے سے متعلق ایک درخواست کے حوالہ سے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج مردان کی رپورٹ پر ازخود نوٹس معاملہ نمٹاتے ہوئے قرار دیا ہے کہ اگر آئندہ پولیس کی جانب سے ایسا کوئی ناپسندیدہ

باقی صفحہ 6 نمبر 22



اقدام کیا گیا تو اس مقدمہ کو دوبارہ کھول دیا جائے گا۔ سپریم کورٹ کی جانب سے جاری تفصیلات کے مطابق ایک سماجی تنظیم نے چیف جسٹس کے نام درخواست میں بیان کیا تھا کہ مردان پولیس خواجہ سراؤں کے گھروں پر چھاپے مار کر انہیں ضلع مردان چھوڑ دینے پر مجبور کر رہی اور ان کے مکانوں کے مالکان کو بھی خواجہ سراؤں کو مکانات کرایہ پر نہ دینے کیلئے مجبور کر رہی ہے، پولیس خواجہ سراؤں کیساتھ یہ سلوک اس طبقے کو خوش کرنے کیلئے کر رہی ہے جو خواجہ سراؤں کو انسان ہی نہیں سمجھتا۔ جس پر فاضل چیف جسٹس نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج مردان کو معاملہ کی انکوائری کا حکم دیتے ہوئے فوری طور پر جواب طلب کیا تھا، جنہوں نے ایس پی آپریشن مردان، اور درخواست گزاروں کو طلب کیا، جہاں ایس پی (آپریشن) مردان نے لکھ کر یقین دہانی کروائی کہ پولیس کی جانب سے آئندہ کسی خواجہ سرا کو تنگ نہیں کیا جائے گا اور انہیں مکمل تحفظ فراہم کیا جائے گا، اگر پولیس نے اس حوالہ سے کسی مالک مکان کو کوئی نوٹس جاری کیا ہے تو وہ بھی فوری طور پر واپس لے لیا جائے گا۔ فاضل چیف جسٹس نے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج مردان کی رپورٹ پر معاملہ نمٹاتے ہوئے قرار دیا ہے کہ اگر آئندہ ایسا کوئی واقعہ پیش آیا تو اس مقدمہ کو دوبارہ کھول دیا جائے گا۔